Mir Sarfraz Bugti emphasized that preserving cultural heritage is a crucial means of connecting the new generation with their history, values, and identity. He stated that it is our responsibility to safeguard our cultures, languages, and traditions and to pass them on to future generations. He added that the cultures and languages of all communities residing in Balochistan are part of the province's shared cultural heritage, and that respecting and promoting all these cultures, languages, and traditions is a collective responsibility.

CamScanner

## مقامی زمینوں کی ملکیت، الاٹمنٹ کا معاملہ متعلقہ فورم پر لایا جائیگا، شعیب نوشیروانی

**صوبائی وزیر خزانہ سے آواران، کرخی اور بُرغور کے عمائدین نے زمینوں کی ملکیت، الاٹمنٹ کے حوالے سے تحفظات پیش کیے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے آواران، کرخی اور بُرغور سے تعلق رکھنے والے قبائلی عمائدین نے ملاقات کی، جس میں پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کو مقامی زمینوں کی الاٹمنٹ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے صوبائی وزیر کو مقامی زمینوں کی [illegible]

## پشتون ثقافت شاندار روایات، مہمان نوازی کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے، ظہور بلیدی

**بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا گلدستہ ہے، اقوام کی ہم آہنگی صوبے کی خوبصورتی اور اجتماعی شناخت کا حصہ ہیں**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر ظہور احمد بلیدی نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے۔ اپنے پیغام میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ پشتون عوام نے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور [illegible]

## پشتون کلچر ڈے ہماری تہذیب، تاریخی ورثے اور قومی شناخت کا آئینہ [illegible]

[illegible]

## زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور ورثے کا تحفظ کرتی ہیں، نسیم الرحمان

**پشتون قوم بھائی چارہ، بردباری اور بشردوستی کی مضبوط روایات کا امین ہے، مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر کہا ہے کہ زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں اور اس دن کو منانے کا اصل مقصد ان روایات، ثقافت اور منفرد طرز زندگی کو بہتر طور پر رکھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہے انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بردباری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونولی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارت ہے۔ ہماری ثقافت دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جسکے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارتقاء اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں۔ اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق نئی اقدار اور اشیاء کو اختیار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم بھائی چارہ، بردباری اور بشردوستی کی مضبوط اور شاندار اقدار و روایات کا امین ہے لہٰذا ضروری ہے پشتون کلچر کی تقریبات کے ذریعے اپنی مشرقی سوچ اور شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں ضروری ہے کہ ہم مختلف ثقافتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے کے باوجود امن، محبت اور یگانگت سے رہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 24 SEP 2026 Page No 14

## ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے، ولی محمد نورزئی

### پشتون کلچرل ڈے ہماری شاندار تہذیبی و ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر پشتون قوم سمیت صوبے بھر کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت .......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

صدیوں پر محیط شاندار تاریخ، روایات، اقدار، زبان، مہمان نوازی اور رواداری کی آئینہ دار ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پشتون کلچرل ڈے منانے کا مقصد اپنی ثقافتی شناخت اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنے کے ساتھ نئی نسل کو اپنی تہذیب و روایات سے روشناس کرانا ہے۔ پشتون معاشرے کی روایتی اقدار میں عزت، اخوت، مہمان نوازی، جرگہ، برداشت اور باہمی احترام کو نمایاں مقام حاصل ہے۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور اقوام کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی تہذیبی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے جدید دور کے تقاضوں سے بھی ہم آہنگ ہوں۔ پشتون نوجوان اپنی زبان، ثقافت اور روایات سے جڑے رہتے ہوئے تعلیم، ہنر اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے معاشرے اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور معاشرے کے تمام طبقات کی ذمہ داری ہے کہ پشتون ثقافت کے مثبت پہلوؤں، تاریخی ورثے اور روایتی اقدار کے تحفظ کے لیے کردار ادا کریں اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نوجوانوں کو مواقع فراہم کریں۔ پارلیمانی سیکرٹری نے پشتون کلچرل ڈے کی مناسبت سے پشتون قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ ثقافتی تنوع پاکستان کی خوبصورتی ہے، جسے باہمی احترام اور اتحاد کے ذریعے مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔

## نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، بلاول بھٹو کی شدید مذمت

### قوم جان دینے والے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، بیان

لاہور/اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے نوشکی میں پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور پولیس ٹیم پر ہونے والے بزدلانہ حملے .......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے واقعے میں فرض کی راہ میں جام شہادت نوش کرنے والے دو پولیس اہلکاروں عبدالرؤف اور محمد یاسر کی قربانی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بابا غلام رسول

### نصیرآباد کے نوجوان میرے لیے سرمایہ ہیں، صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت اور عمرانی قبیلے کے سربراہ پیر سر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے، نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور ہنر مند افرادی قوت کو فروغ دینے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ نوجوانوں کو باعزت .......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے خصوصی بات چیت کرتے ہو کیا سردار غلام رسول عمرانی نے کہا کہ بلوچستان کے باصلاحیت اور ہنرمند نوجوان صوبے کا قیمتی اثاثہ ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 24 SEP 2026 Page No. 5

## مسائل کے حل کیلئے جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنا ہوگی' چیف سیکرٹری

### محکمہ پاپولیشن ویلفیئر اور کوئٹہ میٹروپولیٹن ڈیجیٹل طریقے اپنائیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ پاپولیشن ویلفیئر اور کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن (MCQ) کی دو سالہ کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں اور مستقبل کے لیے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں محکموں میں اصلاحات، شفافیت اور ڈیجیٹائزیشن کو ترجیحی بنیادوں پر اپنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کی جانب

(باقی صفحہ 5 نمبر 38)

سے گزشتہ دو سالہ کارکردگی، منصوبہ بندی، بجٹ کے خرچ اور عوامی خدمات کی فراہمی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ پیش کی گئیں۔ پاپولیشن ویلفیئر نے آبادی کی ٹریکنگ، فیملی پلاننگ اور صحت عامہ کے پروگراموں میں اپڈیٹ کردہ ڈیٹا بیس کی رپورٹ پیش کی۔ کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن نے صفائی، شہری انفراسٹرکچر، شہری روڈ نیٹ ورک، ماحولیات اور شہری ٹیکس و ریونیو اکٹھا کرنے میں کی گئی کوششوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوام کو بہتر اور بروقت سروس فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل حل ناگزیر ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دونوں محکمے فوری طور پر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز

اپنائیں، ڈیٹا بیس کو مربوط کریں اور شفافیت کے لیے آن لائن مانیٹرنگ میکانزم متعارف کروایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عوامی وسائل کے موثر استعمال اور خدمات کی فراہمی میں تیزی لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کو اپنی کارروائیوں میں شامل کرنا ہوگا۔ اجلاس میں کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی مالی خودمختاری اور آمدنی بڑھانے کے طریقوں پر خصوصی غور کیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 24 SEP 2026 Page No. 16

# بلوچستان پولیس میں میرٹ پر 2205 نوجوان بھرتی

شفاف ارکی بھرتیوں میں 63 خواتین منتخب، دوسرے مرحلے میں مزید 8 اضلاع میں 1250 افراد کو بھرتی کیا جائے گا

بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کیلئے ڈی آئی جی رینک کے افسر کی سربراہی میں چار رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، پولیس حکام

کوئٹہ (پی پی آئی) بلوچستان پولیس نے پولیسنگ کے نظام کو مربوط بنانے اور امن وامان کی بحالی کے سلسلے میں 2205 نوجوانوں کو میرٹ، شفافیت اور مروجہ قواعد وضوابط کے تحت بھرتی کر لیا گیا ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید 8 اضلاع میں 1250 افراد کو بھرتی کیا جائے گا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ...

# قیام امن کیلئے فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں، بابر یوسفزئی

مستونگ میں کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (پی پی اے) معاون خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ مستونگ کے علاقے کی وادی میں سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی قابل تحسین ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ... کی وادی میں کارروائی کے دوران 9 دہشتگرد ہلاک ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

# ریاست دشمن عناصر کی بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، شاہد رند

فتنہ الخوارج کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، معاون اطلاعات

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ... کامیاب کارروائی پر فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فورسز بلوچستان میں دہشت گردی ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

# شاہد رند و دیگر شخصیات کا سید عابد بخاری کے انتقال پر افسوس

عابد بخاری نے ہمیشہ مثبت صحافت کے فروغ کیلئے اپنا عملی کردار ادا کیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ممتاز صحافی روزنامہ ... کے سینئر سب ایڈیٹر و سینئر صحافی سید عابد بخاری انتقال کر گئے۔ وزیراعلیٰ کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند، مولانا محمد خان شیرانی، ... جمعیت علماء اسلام، ... پارٹی بلوچستان ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

# منسٹریل اسٹاف اتحاد کے نمائندوں کی ڈائریکٹر سکولز سے ملاقات

مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال، ڈاکٹر محمد کسیمران کی مسائل کے حل کی یقین دہانی

کوئٹہ (پ ر) منسٹریل اسٹاف اتحاد کے نمائندوں پر مشتمل ایک وفد نے گزشتہ روز ڈائریکٹر سکولز بلوچستان ڈاکٹر محمد کسیمران سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور مختلف مسائل پر بات چیت کرتے ہوئے مسائل کے حل کی درخواست کی جس پر ڈائریکٹر سکولز نے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر فنانس سکولز محمد فاروق، ایڈیشنل ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 SEP 2026 Page No. 17

# بلوچستان ہائیکورٹ

# NHA کو مسافروں کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے مؤثر اقدامات کی ہدایت

## شاہراہوں کیساتھ شمسی ٹیوب ویل نصب کیے جائیں تاکہ سڑک پر شجرکاری کیساتھ مسافروں اور مقامی آبادی کو پانی دستیاب ہوسکے، عدالت

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے دائر آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کو قومی شاہراہوں بالخصوص N-25 اور N-50 پر مسافروں کی سہولت، شجرکاری اور پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کردی۔ سماعت کے

دوران عدالت کے حکم مورخہ 09 اپریل 2026 کی تعمیل میں این ایچ اے بلوچستان کے ممبر (ویسٹ زون) بشارت حسین عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ چیئرمین این ایچ اے کا حال ہی میں تبادلہ ہوچکا ہے اور اس وقت چیئرمین کا عہدہ خالی ہے۔ انہوں نے N-50 اور N-25 پر جاری ترقیاتی کاموں کی فزیکل پیشرفت سمیت عدالت کی جانب سے مختلف تاریخوں میں جاری کیے گئے احکامات اور ہدایات پر عملدرآمد سے متعلق جامع رپورٹ پیش کرنے کے لیے مزید مہلت طلب کی۔ دوران سماعت عدالت نے مشاہدہ کیا کہ دونوں مجوزہ ریسٹ ایریاز کے درمیان خاصا طویل فاصلہ موجود ہے، جس کے باعث قومی شاہراہوں پر مسافروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ عدالت نے ہدایت کی کہ شاہراہوں کے ساتھ شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویل نصب کیے جائیں تاکہ سڑک کے دونوں اطراف شجرکاری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ مسافروں اور مقامی آبادی کے لیے پینے کے صاف پانی کی سہولت بھی دستیاب ہوسکے۔ عدالت نے مزید ہدایت کی کہ مناسب مقامات پر مسافروں کے آرام اور نماز کے لیے الگ جگہ مختص کی جائے اور ان تمام سہولیات کو ایسے انداز میں فراہم کیا جائے کہ معاشرے کے پسماندہ طبقات اور بالخصوص دور دراز علاقوں کے رہائشی بھی ان سے مستفید ہوسکیں۔ عدالت نے یہ بھی حکم دیا کہ جہاں جہاں مذکورہ منصوبہ جاری ہے وہاں شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلز کی تنصیب، پینے کے پانی کی سہولیات اور شجرکاری کا کام ترجیحی بنیادوں پر شروع کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے ایک مناسب، جامع اور قابل عمل پالیسی گائیڈ لائن بھی مرتب کی جائے، تاکہ مجوزہ ٹیوب ویلز اور ریسٹ ایریاز سے ملحقہ اراضی کو مناسب شرائط کے تحت کرائے پالیز پر دینے سمیت مسافروں کی ضروریات کے مطابق چھوٹے کاروباری مراکز اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ عدالت نے قرار دیا کہ قومی شاہراہوں پر مذکورہ بنیادی سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف مسافروں کو سہولت حاصل ہوگی بلکہ علاقے کے عوام، بالخصوص پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے لوگوں کی ضروریات بھی پوری ہوسکیں گی۔ عدالت نے حکم دیا کہ فیصلے کی نقل ایڈیشنل اٹارنی جنرل، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل اور این ایچ اے کے وکیل کے دفاتر کے ذریعے متعلقہ حکام کو معلومات اور عملدرآمد کے لیے ارسال کی جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت کے لیے 23 نومبر 2026 کی تاریخ مقرر کردی۔

# جرمن سفیر اینا لیپل سے بی ٹیوٹا کے ایم ڈی کی ملاقات، فنی مہارتوں میں تعاون پر گفتگو

## کبیر زرکون کا فنی، تکنیکی تربیت کے شعبوں میں جرمنی کی امداد پر اظہار تشکر، اینا لیپل کا تعاون جاری رکھنے کا عزم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے مینیجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر خان زرکون نے پاکستان میں جرمنی کی سفیر اینا لیپل، ہیڈ آف جرمن ڈیولپمنٹ کوآپریشن، قونصلر ڈاکٹر میر جام اور جرمنی کے اعزازی قونصل میر مراد سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا بنیادی مقصد صوبے کے تکنیکی و فنی تعلیم و تربیت سیکٹر کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا، فنی تربیت و تکنیکی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا اور بلوچستان کے ہنرمند نوجوانوں کے لئے بین الاقوامی سطح پر، بالخصوص جرمنی میں روزگار کے

باقی صفحہ 3 نمبر 2

مواقع پیدا کرنا تھا۔ ملاقات کے دوران ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون نے فنی، تکنیکی تربیت کے شعبے میں جرمن حکومت کی دیرینہ امداد اور GIZ جیسے ترقیاتی اداروں کے تاریخی کردار پر گہرے تشکر کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ نصاب کو جدید بنانے، ادارہ جاتی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور ڈوئل ووکیشنل ٹریننگ سسٹم کو متعارف کرانے میں جرمنی کے مسلسل تعاون نے صوبے بھر کے ہزاروں نوجوانوں کو پائیدار فنی مہارتوں کے ساتھ بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس موقع پر جرمن سفیر نے صوبے میں پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت کے فروغ اور جدید ترین ٹیکنالوجیز کو شامل کرنے پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے بی ٹیوٹا کو فنی مہارتوں کی ترقی اور بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لئے جرمنی کے مسلسل تعاون اور پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون نے جرمن سفیر اور انکے وفد کو بلوچستان کی وسیع معاشی صلاحیتوں اور ان اہم تکنیکی شعبوں کے بارے میں بریفنگ دی جہاں خصوصی ہنر کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے ریکوڈک اور سینڈک جیسے میگا پروجیکٹس کے تناظر میں جدید مائننگ اور منرل پروسیسنگ ٹیکنالوجیز، گوادر پورٹ سے منسلک میرین انجینئرنگ اور بلیو اکانومی، شمسی و بادی توانائی (سولر اینڈ ونڈ انرجی) کے سیکٹرز، جدید زراعت و تحفظ آب کی تکنیکس اور ڈیجیٹل آئی ٹی اسکلز پر بی ٹیوٹا کی توجہ کو اجاگر کیا۔

# مغوی ڈپٹی کمشنر خاران اور ایک محافظ تاحال لاپتہ، ایک محافظ اور ڈرائیور بازیاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مغوی ڈپٹی کمشنر خاران کے 2 محافظ بازیاب گھر پہنچ گئے جبکہ ڈپٹی کمشنر تاحال ایک محافظ سمیت لاپتہ ہے پولیس کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کے ہمراہ گزشتہ دنوں مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا ہونے والے گن مین یوسف فقیر ولد فقیر محمد اور ڈرائیور پیرک خان بازیاب ہوگئے۔ جبکہ دونوں افراد کی بازیابی کے بعد ڈپٹی کمشنر منیر سومرو سمیت بی سے تعلق رکھنے والے ایک حوالدار تاحال لاپتہ ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 SEP 2026

Page No. 18

# طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات بہترین راستہ ہے، ہدایت الرحمن

## مسائل کے حل، حقوق کے حصول کیلئے ہر سطح پر عوامی، مزاحمتی جدوجہد جاری رہے گی، ایم پی اے بلوچستان

**عوام کی امیدیں جماعت اسلامی سے ہے، بلوچستان کو حقوق، عزت دینے وسائل پر دسترس سے مسائل ومشکلات میں کمی آسکتی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ مسائل کے حل، حقوق کے حصول کیلئے ہر سطح پر عوامی، مزاحمتی جدوجہد جاری رہے گی۔ عوام کی امیدیں جماعت اسلامی سے ہے۔ بلوچستان کو حقوق، عزت دینے وسائل پر دسترس سے مسائل ومشکلات میں کمی آسکتی ہے طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات بہترین راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ اگر وزیر اعظم شہباز شریف نے حافظ نعیم الرحمن سے وعدہ ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

آٹا، بجلی، گیس اور پیٹرول جیسی بنیادی ضرورت کی چیزوں میں بے تحاشا اضافہ نے عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات اور توانائی بجلی وگیس کے نرخوں میں مسلسل اضافے سے عوام کی قوت خرید ختم ہو کر رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آٹے کا بحران اور بین الصوبائی رکاوٹیں پنجاب اور سندھ کی صوبائی سرحدوں پر گندم اور آٹے کی نقل وحمل پر پابندیوں، غیر قانونی چیک پوسٹوں اور رشوت کی وجہ سے عوام کو آٹے کی شدید گرانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جس سے عوام کی رہی سہی معاشی سانس رک گئی انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری سے بدحال عوام کی چیخیں طاقت کے ایوانوں میں سنائی نہیں دیا جارہا ہے حکومت مافیاز کی سرمایہ کو بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اشیائے ضروریات میں ٹیکس کم کر کے آٹا، بجلی اور گیس پر براہ راست سبسڈی دی جائے۔

# پشتون کلچر ڈے ایک اہم تاریخی اور قومی دن ہے، پشتونخوانیپ

## پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیراہتمام 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کے موقع پر آج کوئٹہ پریس کلب میں مختلف پروگرام منعقد کیے گئے

**تصویری نمائش، علمی سیمینار، ملی شہید ایوارڈ کی تقریب رونمائی اور مشاعرے کا انعقاد، دانشوروں، فنکاروں، ادیبوں، شاعروں، ودیگر اہم شخصیات کی شرکت**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیراہتمام 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کے موقع پر آج کوئٹہ پریس کلب میں مختلف پروگرام منعقد کیے گئے، جن میں تصویری نمائش، علمی سیمینار، ملی شہید ایوارڈ کی تقریب رونمائی اور مشاعرے کا انعقاد شامل تھا۔ ان پروگراموں میں پارٹی رہنماؤں، دانشوروں، فنکاروں، ادیبوں، شاعروں، طلبہ و طالبات، وکلا، ڈاکٹروں، انجینئرز، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ صبح کوئٹہ پریس کلب ہال میں تصویری نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس کا افتتاح پشتونخوا ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، سندھ کے صوبائی صدر صدیق آغا اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں نے کیا۔ افتتاح کے بعد پارٹی رہنماؤں نے نمائش میں رکھی گئی مختلف پینٹنگز اور تصاویر کا معائنہ کیا اور فنکاروں کے تخلیقی کام کو سراہا۔ اس موقع پر مختلف فنکاروں میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ پارٹی رہنماؤں نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اولس آرٹس کونسل کی جانب سے پینٹنگز اور تصاویر کی نمائش کا انعقاد قابل تحسین اور قابل داد ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنون لطیفہ کسی بھی قوم کی تاریخ، تہذیب، ثقافت، روایات اور اجتماعی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ نمائش میں خواتین کی بھرپور شرکت اور ان کی جانب سے بڑی تعداد میں پینٹنگز کی تیاری قابل ستائش ہے، جس پر خواتین فنکاروں اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا گیا۔ بعدازاں سہ پہر تین بجے پشتون کلچر ڈے کے حوالے سے ایک علمی سیمینار منعقد ہوا، جس کی صدارت پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کی۔ سیمینار سے پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی سیکرٹری خوشحال کاسی، سندھ کے صوبائی صدر سید صدیق آغا، رفیع اللہ پشتون اور دیگر مقررین نے خطاب کیا، جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ندا سنگر نے انجام دیے۔

# عوام کے ووٹ اور مینڈیٹ کا احترام ہی سیاسی استحکام کی بنیاد ہے، مولانا عبدالواسع

## جمعیت علماء اسلام کو مسلسل سیاسی دیوار سے لگانے کا خمیازہ پورا بلوچستان بھگت رہا ہے، بیان

**مصنوعی سیاسی بندوبست عوامی مسائل کا متبادل نہیں ہوسکتا، جمعیت علماء اسلام بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ صوبے کی سیاسی جدوجہد، عوامی حقوق اور جمہوری مزاحمت کی مضبوط اور توانا آواز ہے، جس نے ہر دور میں بلوچستان کے عوام کے حقوق، وسائل اور سیاسی اختیار کا مقدمہ پوری قوت سے لڑا ہے۔ جمعیت علماء اسلام کو مسلسل سیاسی عمل سے باہر رکھنے، اس کے عوامی مینڈیٹ کو محدود کرنے اور حقیقی عوامی نمائندگی کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کا نتیجہ آج پورا بلوچستان بدامنی، سیاسی......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بے یقینی، معاشی جمود، انتظامی بحران اور بڑھتی ہوئی محرومیوں کی صورت میں بھگت رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ کو نظرانداز کر کے تشکیل دیا جانے والا کوئی بھی سیاسی بندوبست دیرپا استحکام کی ضمانت نہیں بن سکتا، مصنوعی سیاسی بندوبست عوام کے حقیقی مسائل کا حل نہیں۔ ماضی کی حکومتوں کی ناقص حکمرانی، کمزور ترجیحات اور غیر مؤثر پالیسیوں نے صوبے کے مسائل کم کرنے کے بجائے انہیں مزید گمبھیر بنایا؛ امن وامان، تعلیم، صحت، روزگار، انفراسٹرکچر، معیشت اور بنیادی سہولیات کے شعبے آج بھی عوام کی فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ سینئر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اقتدار کی کرسی کی نہیں بلکہ عوام کے حق، آئین کی بالادستی، جمہوری تسلسل، صوبائی خودمختاری اور بلوچستان کے اجتماعی مفادات کی سیاست کرتی ہے۔ عوام کے مسائل کو ایوانوں سے سڑکوں تک اجاگر کرنا، صوبے کے وسائل پر اس کے عوام کے آئینی حق کا تحفظ کرنا اور محرومیوں کے خاتمے کے لیے مؤثر سیاسی جدوجہد کرنا جمعیت علماء اسلام کے منشور کا بنیادی حصہ ہے۔

JANG QUETTA

# سردار اختر مینگل کی اصولی سیاست سے گھبرا کر سوشل میڈیا مہم قابل مذمت ہے، بی این پی

**جعلی اکاؤنٹس اور من گھڑت بیانات کے ذریعے ان کے موقف کو مسخ نہیں کیا جاسکتا، ترجمان**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے کہا ہے کہ پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کی اصولی سیاسی ثابت قدمی واضح موقف اور مدلل جدوجہد سے بوکھلا کر ان کے نام سے من گھڑت بیانات منسوب کرنے اور جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے غیر مصدقہ مواد پھیلانے کی پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے ترجمان نے کہا کہ سردار اختر جان مینگل کا سیاسی موقف واضح اور ریکارڈ پر موجود ہے ان کی طویل سیاسی جدوجہد اور بلوچستان کے قومی جمہوری سیاسی و انسانی حقوق کے لیے آواز سب کے سامنے ہے جعلی اکاؤنٹس اور من گھڑت بیانات کے ذریعے ان کے موقف کو مسخ نہیں کیا جاسکتا بلوچستان کے حالات کو جس سنگین نہج تک پہنچایا گیا ہے ان حقیقی مسائل اور عوامی مشکلات سے توجہ ہٹانے کے بجائے حکمرانوں کو ان کے حل پر توجہ دینی چاہیے کیونکہ بلوچستان کے عوام باشعور ہیں اور حقائق و من گھڑت اطلاعات میں فرق کرنا جانتے ہیں سیاسی اختلاف کا جواب دلیل آئینی و جمہوری عمل اور مکالمے سے دیا جانا چاہیے ماضی کے یہ پرانے حربے اب عوام کو گمراہ نہیں کرسکتے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 24 SEP 2026 Page No. 19

# آپریشن ردالفتنہ، اغبرگ، مستونگ، تربت اور شعبان میں 26 دہشتگرد ہلاک

**ایک سیکورٹی اہلکار شہید، متعدد زخمی**

انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیاں کوئٹہ کے علاقے اغبرگ، شعبان، مستونگ میں کنگ وادی اور تربت میں کی گئیں، سرچ اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری

**ہلاک ہونے والوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود، دستی بم اور موٹرسائیکلیں قبضے میں لے لی گئیں، فورسز کا کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کے آپریشن ردالفتنہ میں اغبرگ، مستونگ کنگ وادی، تربت اور شعبان میں 29 دہشتگرد ہلاک، بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود، دستی بم اور موٹرسائیکلیں قبضے میں لے لی گئیں۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک اہلکار شہید، متعدد زخمی ہو گئے سیکورٹی ذرائع مطابق کوئٹہ کے علاقے اغبرگ میں خونی تالاب کے قریب واقع پولیس چوکی پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے حملہ کر دیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الخوارج کے پانچ دہشت گرد جہنم واصل جبکہ ایف سی کا ایک صوبیدار شہید اور پولیس اے ٹی ایف کے متعدد اہلکار زخمی ہو گئے فورسز نے بھاری تعداد میں اسلحہ گولہ بارود اور دستی بم برآمد کر لیا۔ مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں سیکیورٹی فورسز نے ایک بھرپور کارروائی میں 9 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا، دہشتگردوں نے مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں چوکی پر حملے کی بزدلانہ کوشش کی، سیکورٹی فورسز کی موثر کارروائی میں 2 دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا اور مزید 7 کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں ایک جوان بھی زخمی ہوا جسے اسپتال منتقل کر دیا گیا، بلوچستان کے ضلع تربت میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن میں 2 دہشتگرد جہنم واصل ہوئے، سیکیورٹی فورسز نے آپریشن دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا، موقع سے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب اور علاقے میں سرچ، کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے، دوراں اثناء انٹیلیجنس اداروں نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کی موجودگی کی اطلاع دی تھی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے مقامی آبادی کے تحفظ اور علاقے کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لیے سیکورٹی فورسز نے شعبان میں کلیئرنس آپریشن شروع کیا کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو موثر انداز میں کلیئر کیا، کارروائی میں اب تک 13 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ کلیئر کیے گئے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں غیر متزلزل عزم کے ساتھ جاری ہیں۔

## کوئٹہ: دو موٹرسائیکل سنیچرز سمیت 10 افراد گرفتار، اسلحہ، موبائل فون، موٹرسائیکلیں برآمد

**کارروائیاں مختلف تھانوں کی حدود میں کی گئیں، گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 موٹر سائیکل سنیچرز سمیت 10 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 4 پسٹل، 2 موبائل فون، موٹر سائیکلیں برآمد کر کے قبضے میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ ... کے عملے نے سنیچرز 3 ٹھکانوں موٹر سائیکل سنیچرز کے خلاف کارروائی کی تو ملزمان نے ... میں کارروائی کی تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ کے بعد 2 ملزمان اپنے ہی ساتھی کے فائرنگ سے 2 زخمی ملزمان سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 پسٹل بمعہ راؤنڈ چھینی گئی 2 موٹر سائیکلیں، موبائل فون اور 3 ہزار روپے برآمد کر لئے۔ اسی طرح صدر پولیس نے سیکیورٹی ... مسیح کو گرفتار کر کے پسٹل اور راؤنڈ برآمد کر لئے۔ منظور شہید تھانے کے عملے نے 2 اشتہاری ملزمان موسیٰ کلیم اور امیر خان کو گرفتار کر لیا۔ اس کے علاوہ خروٹ آباد پولیس نے نصیب اللہ کے قبضے سے چھینا گیا موبائل اور شہید امیر محمد دستی کے عملے نے بسم اللہ کے قبضے سے ایک پسٹل اور راؤنڈ برآمد کر لئے بروری پولیس نے عبدالشکور کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ بی شہید تھانہ خروٹ آباد کے عملے نے اشتہاری حاجی نذر محمد کو اور نصیب اللہ کے قبضے سے چھینا گیا موبائل برآمد کر لیا پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔ دریں اثنا بجلی روڈ پولیس نے موٹر سائیکل چوروں کے خلاف ایک کارروائی میں دو ملزمان ہدایت اللہ اور نعمان علی ساکنان ذیرہ مراد جمالی کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چوری شدہ تین موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔ جبکہ ملزم حمزہ مسیح ساکن کوئٹہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چوری شدہ ایک موٹر سائیکل برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

## نوشکی: بس اڈہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

نوشکی (نامہ نگار) بس اڈہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں ثناء اللہ نامی شخص زخمی ہو گیا۔ جسے نوشکی ہسپتال میں طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ فوری طور پر فائرنگ کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔

## قلات: نامعلوم افراد نے ایدھی کی ایمبولینس چھین لی

قلات (این این آئی) قلات کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایدھی کی ایمبولینس چھین لی۔ ایدھی ذرائع کے مطابق بدھ کو قلات کے علاقے گیڈر میں نامعلوم مسلح افراد نے خاتون کی میت چھوڑ کر واپس آنے والی ایدھی کی ایمبولینس نمبر ای اے 2008 چھین لی اور ڈرائیور کو تشدد کا نشانہ بنایا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

## تربت: کسٹم ناکے پر مسلح افراد کی آمد، وارننگ دیکر چلے گئے

تربت (نامہ نگار) ایم 8 شاہراہ پر جوسک کے علاقے میں قائم کسٹم ناکے پر دو نامعلوم مسلح افراد کے آنے کا واقعہ پیش آیا۔ مسلح افراد نے کسٹم اہلکاروں کو وارننگ دی اور بعد ازاں وہاں سے روانہ ہو گئے، تاہم جاتے ہوئے ایک پرائیویٹ شخص کی ایگزیو گاڑی اپنے ساتھ لے گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 24 SEP 2026 Page No. 2

# کوئٹہ: منشیات فروشی اور جرائم پیشہ افراد سرگرم، عوام عدم تحفظ کا شکار

کوئٹہ کی اہم شاہراہوں اور علاقوں میں منشیات کے کھلے عام استعمال اور فروخت نے انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے

چوریاں اور ڈکیتیاں بڑھنے سے غریب عوام روزانہ موبائل فونز، نقدی اور قیمتی اشیاء سے محروم ہو رہے ہیں، شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایک بار پھر منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر نے سر اٹھا لیا ہے، منشیات کے کھلے عام استعمال سے نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے جبکہ چوریاں اور ڈکیتیاں بڑھنے سے غریب عوام روزانہ موبائل فونز، نقدی اور قیمتی اشیاء سے محروم ہو رہے ہیں شہریوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں تیزی سے اضافہ اس وجہ سے بھی ہو رہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیل اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع نہیں ملتے" کوئٹہ کی اہم شاہراہوں اور علاقوں میں منشیات......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کے کھلے عام استعمال اور فروخت نے انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے" علاقہ مکینوں نے کہا کہ آئے روز موبائل فون اور موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات نے عوام کو شدید ذہنی کوفت میں مبتلا کر رکھا ہے انہوں نے حکومت، پولیس کے اعلیٰ حکام اور بالخصوص چیف جسٹس بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے

## کوئٹہ: امراض قلب میں اضافہ، نوجوان بھی خطرناک بیماری کی زد میں

کوئٹہ (اے این پی) کوئٹہ میں امراض قلب کے باعث اموات اور اچانک دل کے دورے کے واقعات تشویشناک صورتحال اختیار کر رہے ہیں، جبکہ نوجوانوں میں غیر صحت مند طرز زندگی اس خطرے کو مزید سنگین بنا رہا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق فاسٹ فوڈ اور غیر متوازن غذا، بڑھتا ہوا وزن، کولڈ ڈرنکس کا زیادہ استعمال، ورزش اور جسمانی سرگرمی سے دوری، موبائل یا رات گئے تک جاگنے اور طویل وقت تک موبائل و دیگر اسکرینز کے سامنے بیٹھے رہنے کی عادات صحت قلب پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہیں۔

AZADI QUETTA

# کلی لوہڑ کاریز بنیادی سہولیات سے محروم، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار

## علاقے میں پانی کا بحران سنگین، لوگ ٹینکر مافیا سے پانی خریدنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (آن لائن) کلی لوہڑ کاریز جو حلقہ پی بی 44 کا گنجان علاقہ ہے یہاں زندگی تمام بنیادی سہولیات ناپید ہیں علاقہ عرصہ 4 سال سے پینے کے پانی سے محروم ہے غریب عوام ٹینکر اور زرنج مافیا کے رحم و کرم پر ہیں جبکہ سٹریٹ لائٹس من پسند حلقوں میں تقسیم کی گئی ہیں اور صفائی کا نظام درہم برہم ہے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں تفصیلات کے مطابق کلی لوہڑ کاریز حلقہ پی بی 44 جہاں کے منتخب نمائندے نے بھی دورے کی زحمت ہی نہیں کی اگر دورہ ہوتا ہے بھی ہے تو ٹھیکیدار طبقہ منتخب نمائندے کو مخصوص علاقہ کی سیر کراتا ہے جبکہ صورتحال اس کے برعکس ہے کلی لوہڑ کاریز جہاں اکثریت میں غریب اور مزدور طبقہ رہائش پذیر وہاں منتخب نمائندے نے سٹریٹ لائٹس کا بندوبست کیا مگر مخصوص جگہوں پر سٹریٹ لائٹس نصب کر دی گئیں جبکہ بی این پی کے منتخب نمائندے احمد نواز (بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 5 پر)

(بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 5 پر)

ہنگوئی کی کاوشوں سے واسا کے دو ٹیوب ویل بور ہوئے جو کامیاب ہوئے مگر وہ اب تک فعال نہیں ہو سکے دو سال بعد پائپ ڈالے گئے دو سال بعد کمرہ تعمیر کیا گیا جو تاحال جوں کا توں ہے دوسری جانب صفائی صورتحال وگرگوں ہے سکول والی گلی جہاں معزز اساتذہ گزر کر سکول پہنچتے ہیں کی نالیاں کچروں سے بھری ہوئی ہیں اور یہی گلی رات کو گھپ اندھیرے میں تبدیل ہو جاتا ہے عوامی حلقوں نے پیپلز پارٹی کے ذمہ داروں کو بارگاہ درخواست کی کہ مذکورہ گلی کی نالیوں کو پائپ کے ذریعے بند کرایا جائے تاکہ کچرے پاک ہوں اور نکاسی کا نظام درست ہو کر منتخب نمائندے کو ان مسائل سے بے خبر رکھا گیا ہے عوامی حلقوں نے پی بی 44 کے منتخب نمائندے سے اپیل کی ہے کہ حلقہ کا دورہ کر کے عوامی مسائل حل کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 SEP 2026

Page No. 21

## وزیراعظم کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت

وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس میں شرکت کے لئے نیویارک پہنچ گئے ہیں جہاں وہ 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم کے خطاب میں کشمیر اور فلسطین کے دیرینہ تنازعات سمیت عالمی و علاقائی امن، دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی اور دیگر اہم امور پر پاکستان کا موقف پیش کیا جائے گا۔ موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 88واں رواں اجلاس غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دنیا اس وقت جنگوں، مسلح تنازعات، علاقائی کشیدگی اور بڑھتے ہوئے عدم تحفظ کی کیفیت سے دوچار ہے۔ ایسے ماحول میں اس نمائندہ عالمی ادارے سے بجا طور پر یہ توقع کی جارہی ہے کہ وہ محض تقاریر اور قراردادوں کا فورم بننے کی بجائے تنازعات کے بامعنی اور منصفانہ حل، جنگ بندی اور موثر سفارت کاری کے لئے عملی کردار ادا کرے گا۔ اگر اقوام متحدہ عالمی امن کے قیام اور طاقت کے بجائے مذاکرات کو تنازعات کے حل کا ذریعہ بنانے میں موثر ثابت نہ ہوا تو اس کی ساکھ اور افادیت پر سوالات اٹھنا فطری امر ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف کو بہر صورت اپنے خطاب میں مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اجاگر کرتے ہوئے عالمی برادری کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانی چاہئے کہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کا مسئلہ کئی دہائیوں سے حل طلب ہے۔ پاکستان کا یہ دیرینہ اصولی موقف ہے کہ کشمیر کے عوام کو اپنے سیاسی مستقبل کے تعین کا حق اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ملنا چاہئے۔ اسی طرح فلسطین میں جاری انسانی المیے اور فلسطینیوں کے حقِ خودارادیت و آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے مطالبے کو بھی عالمی ضمیر کے سامنے موثر انداز میں پیش کیا جانا چاہئے۔ وزیراعظم کو پاکستان کی سلامتی کو درپیش دہشت گردی کے چیلنج سے پیدا ہونے والے خطرات، پر بھی عالمی برادری کو پاکستان کے تحفظات سے آگاہ کرنا چاہئے۔۔ اندریں حالات اقوام متحدہ کو جنگ کے خوف میں مبتلا دنیا کے لئے امید کی حقیقی کرن بننا ہوگا، پاکستان کو بہرحال اس فورم پر امن، مذاکرات، خودارادیت اور عالمی قانون کی بالادستی کی آواز موثر انداز میں بلند کرنی چاہئے جس سے اقوام عالم میں پاکستان کا امیج مزید بہتر ہوسکتا ہے۔

## پٹرولیم نرخوں میں پھر اضافہ

حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز پٹرول کی قیمت میں مزید 4 روپے 61 پیسے فی لٹر اضافہ کردیا گیا، جس کے بعد پٹرول کی نئی قیمت 393 روپے 75 پیسے فی لٹر ہوگئی ہے۔ دوسری جانب ڈیزل کی قیمت میں اگرچہ ایک روپیہ 96 پیسے فی لٹر کمی کی گئی ہے، تاہم اس کی نئی قیمت اب بھی 422 روپے 8 پیسے فی لٹر ہے۔ لانگ مارچ کے دوران پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام سے بھاری ٹیکس وصول کرکے حکومت اپنی مبینہ نااہلی، کرپشن اور شاہانہ اخراجات کا بوجھ غریب عوام پر منتقل کررہی ہے۔ پٹرول پر بھاری ٹیکس اور لیوی وصول کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ترجمان جماعت اسلامی کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کا فون امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کو ملتان پہنچنے پر موصول ہوا۔ وزیراعظم نے درخواست کی کہ ان کی وطن واپسی تک مارچ ملتوی کردیا جائے اور کہا کہ حکومت پٹرولیم لیوی کے معاملے پر جماعت اسلامی کے ساتھ نتیجہ خیز گفتگو کے لیے تیار ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے جماعت اسلامی سے رابطہ کرکے لانگ مارچ موخر کرانے کی کوشش مذاکرات کے ذریعے مسئلے کے حل کی جانب ایک قدم ہے، تاہم اس کے لیے اعتماد سازی بھی ضروری ہے۔ ایک طرف وزیراعظم لانگ مارچ موخر کرنے اور پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کی بات کررہے ہیں، تو دوسری طرف اسی دوران پٹرول کی قیمت میں مزید 4 روپے 61 پیسے اضافہ کردیا گیا ہے۔ ایسے اقدامات مذاکرات کے لیے سازگار فضا پیدا کرنے کے بجائے فریقین کے درمیان اعتماد کو متاثر کرسکتے ہیں۔ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو عالمی منڈی کی صورتِ حال اور قیمتوں میں اتار چڑھاو سے جوڑتی ہے، تاہم حالیہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی بھی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ایسے میں عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ عالمی سطح پر قیمتوں میں کمی کا فائدہ انہیں کس حد تک اور کتنی جلدی منتقل کیا جاتا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور روزمرہ اخراجات کے بڑھتے ہوئے بوجھ میں حکمرانوں کو عام آدمی کی مشکلات کا بہر صورت احساس کرنا چاہیے۔ احتجاج اور مذاکرات دونوں جمہوری عمل کا حصہ ہیں، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ عوامی مطالبات کو سنجیدگی سے سنے، اعتماد سازی کے لیے عملی اقدامات کرے اور حالات کو اس نہج تک نہ پہنچنے دے کہ عوام کے لیے تنگ آمد، بجنگ آمد کی صورتِ حال پیدا ہو۔

CamScanner

# Polio frontline

The brutal targeted killing of two police officers in the Nushki district of Balochistan serves as a grim and agonizing reminder of the relentless violence threatening Pakistan's public health initiatives. On Tuesday, unidentified armed assailants ambushed a security detail protecting a door-to-door polio vaccination team in Killi Jamalabad, taking the lives of police personnel Muhammad Yasar and Abdul Rauf. Adding insult to this devastating tragedy, the attackers fled the scene. Though law enforcement agencies quickly cordoned off the area and initiated a wide-scale search operation, this senseless act of terrorism underscores the persistent hazards that security forces and healthcare workers endure daily to safeguard future generations from a crippling, preventable disease.

This deadly attack occurred right in the middle of a vital, week-long sub-national polio vaccination campaign operating across 115 districts nationwide. Aiming to immunize more than 31 million children under five years of age, the drive heavily prioritizes high-risk zones and viral hotspots across Balochistan, Khyber-Pakhtunkhwa, Punjab, Sindh, Islamabad, and Gilgit-Baltistan. Pakistan stands as one of the last two polio-endemic countries on Earth, and every assault on vaccination teams directly jeopardizes years of painstakingly slow public health progress. When violent extremists target the frontline guardians of these medical drives, they are not merely attacking police personnel; they are striking at the fundamental right of millions of children to live healthy, disease-free lives.

The sacrifices made by officers like Yasar and Rauf must not be reduced to passive statistics in an ongoing conflict. Their deaths highlight severe, recurring security vulnerabilities that demand immediate structural intervention from both provincial and federal authorities. Providing security for anti-polio workers in volatile regions cannot remain a routine or reactive duty. Tactical security protocols must be thoroughly overhauled, intelligence gathering in high-risk districts strengthened, and response capabilities significantly improved to protect those standing on the frontlines.

Ultimately, terrorism cannot be permitted to dictate the trajectory of national public health priorities. While law enforcement authorities press forward with their investigation in Nushki to bring the perpetrators to justice, the state must reaffirm its unyielding resolve to eradicate polio across every corner of the country. Ensuring the safety of healthcare teams and their security details remains an absolute precondition for success. The nation owes it to the memory of its fallen officers to press forward without hesitation, guaranteeing that no child is left vulnerable to disease due to violence and terror.

CamScanner